# خسرہ کا سامنا کرنے والے ان افراد کے لیے ہدایات جو اس سے محفوظ نہیں ہیں اور جنہیں امیون گلوبلین لگائی گئی ہے

آپ کو امیون گلوبلین دوا اس لیے دی گئی کیونکہ آپ کا خسرہ سے سامنا ہوا اور آپ اس سے محفوظ نہیں ہیں۔

**خسرہ کے متعلق چند اہم معلومات یہ ہیں:**

- خسرہ ایک وائرس ہے جو سانس کی رطوبتوں اور کسی خسرہ زدہ شخص کے ساتھ ایک ہی ہوا میں سانس لینے سے پھیلتا ہے۔
- خسرہ انتہائی متعدی ہے۔ کوئی بھی شخص جسم پر دانے نمودار ہونے سے چار دن پہلے سے لے کر دانے شروع ہونے کے پانچویں دن تک متعدی ہو سکتا ہے۔
- خسرہ کی ابتدائی علامات میں بخار، اور اس کے بعد کھانسی، بہتی ناک، اور آنکھوں کا سرخ ہو کر پانی بہنا شامل ہیں۔ بعد کی علامات میں بڑھتا ہوا بخار اور پورے جسم پر دانوں کا نمودار ہونا شامل ہے۔
- خسرہ کان میں انفیکشن، اسہال ، نمونیا، اسقاط حمل، دماغی سوزش، ہسپتال میں داخلہ، اور یہاں تک کہ موت کا سبب بھی بن سکتا ہے۔

**امیون گلوبلین کے متعلق چند اہم معلومات یہ ہیں:**

- جو امیون گلوبلین آپ کو لگائی گئی ہے وہ آپ کے خسرہ میں مبتلا ہونے کے امکانات کو کم کر دے گی۔ یہ دوا لینے کے باوجود، آپ اب بھی خسرہ میں مبتلا ہو سکتے ہیں اور اسے دوسروں میں پھیلا سکتے ہیں۔
- اگر آپ خسرہ میں مبتلا ہو جاتے ہیں، تو امیون گلوبلین آپ کی علامات کی شدت کو کم کر سکتی ہے۔

**چونکہ لوگ دانے نمودار ہونے سے پہلے ہی خسرہ دوسروں تک پھیلا سکتے ہیں، اس لیے ممکن ہے کہ آپ اس وقت متعدی ہوں۔ خسرہ کا سامنا ہونے کے بعد، آپ کو مکمل 28 دن (یہ وہ مدت ہے جس میں آپ بیمار ہو کر یہ بیماری دوسروں کو منتقل کر سکتے ہیں) تک درج ذیل ہدایات پر عمل کرنا چاہیے:**

- گھر پر رہیں اور دوسرے لوگوں سے دور رہیں، سوائے اس کے کہ آپ کو طبی نگہداشت کی ضرورت ہو۔
- اپنے گھر پر مہمانوں کو بلانے سے گریز کریں۔
- خریداری کرنے، یا کام، اسکول، یا مذہبی اداروں میں نہ جائیں۔
- یقینی بنائیں کہ آپ کے گھر میں ہر کسی نے خسرہ کی ویکسین کی تازہ ترین خوراک لے لی ہو۔

**خسرہ سے سامنا ہونے کی تاریخ:** ____________________________________

**وہ تاریخ جب آپ معمول کی سرگرمیاں دوبارہ شروع کر سکتے ہیں:** ____________________________________

اگر آپ بیمار ہو جائیں اور آپ کو نگہداشت صحت فراہم کنندہ کو دکھانے کی ضرورت پڑے، تو جانے سے پہلے انہیں فون کر کے یہ ضرور بتائیں کہ آپ کو خسرہ ہو سکتا ہے۔ اس طرح وہ آپ کے معائنے کے لیے ایسا وقت مقرر کر سکیں گے جب دوسرے مریضوں کے متاثر ہونے کا خطرہ نہ ہو (مثلاً، کلینک کے اوقات کار کے بعد)۔ ہو سکتا ہے کہ آپ کا کلینک/ڈاکٹر آپ کو کسی دوسرے دروازے سے اندر آنے کا کہے۔

اپنی اپوائنٹمنٹ پر، اپنے ڈاکٹر کو بتائیں کہ آپ کو امیون گلوبلین لگی ہے، کس تاریخ کو لگی ہے، اور کس قسم کی لگی ہے (پٹھوں میں لگنے والی یا رگ میں لگنے والی)۔ آپ کو انہیں یہ خط بھی دکھانا چاہیے۔

**نوٹ:** ایم ایم آر (خسرہ، ممپس، اور روبیلا) یا ویریسیلا (چکن پاکس) ویکسین لگوانے سے پہلے، آپ کو پٹھوں میں لگنے والے امیون گلوبلین کے بعد کم از کم چھ ماہ اور رگ میں لگنے والے امیون گلوبلین کے بعد کم از کم آٹھ ماہ انتظار کرنا چاہیے۔